بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# کسی کے حذف شدہ میسج پڑھنا کیسا ہے؟

## سوال:

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

معلوم یہ کرنا ہے کہ بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے واٹس ایپ پر کوئی میسج کرتا ہے اور پھر ڈیلیٹ کر دیتا ہے، تو بعض ایپ ایسی ہوتی ہیں جن میں حذف کیے ہوئے میسج واپس ہو جاتے ہیں۔ کیا ایسے ڈیلیٹ کیے ہوئے میسج تلاش کر کے اسے پڑھنا شرعاً جائز ہے؟۔ جزاکم اللہ خیراً۔

## جواب:

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اپنی تحریر بھیجنے کے بعد پڑھے جانے سے قبل اسے حذف کر دینے کا معنی یہ ہے کہ وہ بھیجنے والا نہیں چاہتا کہ اس تحریر کو پڑھا جائے۔ اس نہ چاہنے کی کئی وجوہات ممکن ہیں، یہاں تفصیل کی ضرورت نہیں، بس اتنا سمجھ لینا کافی ہے کہ ایسے میسج یا تحریر کو لکھنے والے کی اجازت کے بغیر پڑھنا جائز نہیں۔ کیوں کہ اس میں ٹوہ میں لگنے، بدگمانی میں پڑنے، کسی کے راز تلاش کرنے اور لایعنی کام میں مبتلاء ہونے جیسے کئی مفاسد پائے جاتے ہیں۔

**واللہ اعلم بالصواب**

محمد الیاس گھمن

29-رجب المرجب1443ھ

03-مارچ2022ء